**پاکستان اسٹیٹ آئیل ریویو**
**(خصوصی سیرت نمبر)**

مؤلف: شاہ مصباح الدین شکیل۔ ناشر: جناب عبدالجلیل، شعبۂ امور عامہ، پاکستان اسٹیٹ آئیل کمپنی لمیٹڈ۔ پوسٹ بکس نمبر ۳۹۸۳ - کراچی۔

پرانی ضرب المثل تھی: "پڑھیں فارسی، بیچیں تیل" - اب نئی شکل یہ ہوگئی کہ "بیچیں تیل، چھاپیں سیرتِ پاک"۔ سبحان اللہ۔ ہم بہت بڑے سائز کے ۸۴ صفحات پر آرٹ پیپر کے رنگین ٹائیٹل اور آفسٹ کی نفیس چھپائی کے ساتھ سیرت پاک کے چند ابواب کو دیکھ کر باغ باغ ہوگئے — باتیں مکمل، لفظ کم، عبارت سلیس، تصاویر اور نقشوں سے مزین، قرآن و صحاح ستہ کے علاوہ ۴۶ کتب حوالہ کی فہرست ہے۔ پہلے ایک حصہ سیرت احمد مجتبیٰ — "ولادت سے غارِ حرا تک" پی۔ ایس۔ او کی طرف سے ۱۹۸۴ء میں شائع ہو چکا ہے۔ اب ۱۹۸۵ء میں غارِ حرا سے ہجرتِ حبشہ تک آیا ہے۔ اب "ہجرتِ حبشہ سے مسجد نبوی تک" کا حصہ آئے گا۔ اور پھر "مسجد نبوی سے سفر آخرت تک"۔

ہم اس پیش کش پر جناب مؤلف اور پی۔ ایس۔ او (P.S.O) کو ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں۔

---

(بقیہ معاشی ترقی کے لیے اسلامی تدابیر)

اسلام کا معاشی نظام انصاف و توازن، معاشرتی مساوات اور غریب کی دست گیری کے لیے منفرد معاشی نظام ہے۔ دکھ درد کی ماری ہوئی انسانیت کی فلاح ہر دور میں اسلام کے معاشی نظام میں ہی مضمر رہی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نوعیت کا معاشی نظام اسلامی معاشرے میں رائج کیا تھا اس میں ہر شخص کی ضروریات کی کفالت کا اہتمام تھا۔ آج بھی انسان کو ایسے ہی معاش کے نظام کی ضرورت ہے جس کا نمونہ آپ نے اپنی سوسائٹی میں پیش کر کے دکھایا تھا۔

---